Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.__________

Sig. of Candidate __________

Sig. of Invigilator.__________

4

# اُردو(لازمی) ایس ایس سی-II

وقت: 20منٹ حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) سبق نعت کے مطابق اب انسان کو عرفان حاصل ہوگا:

الف۔ اللہ تعالیٰ کا ب۔ زمانے کا ج۔ کائنات کا د۔ انسان کا

(ii) مرزا محمد سعید کا آبائی مکان تھا:

الف۔ لاہور میں ب۔ کراچی میں ج۔ ملتان میں د۔ دلی میں

(iii) اردو ادب میں عمدہ خاکے تحریر کیے ہیں:

الف۔ شیونرائن نے ب۔ محمد طفیل نے ج۔ سرسید احمد خاں نے د۔ ڈپٹی نذیر احمد نے

(iv) پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں ملا:

الف۔ جواہرات ب۔ کنکر پتھر ج۔ خلعت اور زیورات د۔ سونا چاندی

(v) مقررہ موضوع پر تاثرات کا نثر میں تحریری اظہار کہلاتا ہے:

الف۔ مرثیہ ب۔ مکالمہ ج۔ مضمون د۔ خاکہ

(vi) ترکی زبان سے اردو میں ترجمے سے شہرت حاصل کی:

الف۔ اشفاق احمد نے ب۔ سجاد حیدر یلدرم نے ج۔ خدیجہ مستور نے د۔ اشرف صبوحی نے

(vii) سبق '' مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ '' میں آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟

الف۔ تین ب۔ پانچ ج۔ سات د۔ نو

(viii) مسجد سلیمانیہ سے ملحق کتب خانے میں کتنے قلمی نسخے موجود ہیں؟

الف۔ تیس ہزار ب۔ پچاس ہزار ج۔ ایک لاکھ د۔ ڈیڑھ لاکھ

(ix) '' سائرہ لائق ہے۔'' یہ جملہ ہے:

الف۔ جملہ اسمیہ ب۔ جملہ فعلیہ ج۔ جملہ ندائیہ د۔ مرکب ناقص

(x) شاعر میر انیسؔ کے مطابق '' رن کی زمیں تو سرخ تھی اور ________ آسماں ''۔

الف۔ زرد ب۔ سبز ج۔ سرخ د۔ نیلا

(xi) مسدس کا ہر بند________ مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

الف۔ دو ب۔ تین ج۔ چار د۔ چھ

(xii) شاعر کے مطابق کسان قدرت کے جلوے کا ہے۔

الف۔ نباض ب۔ مداح ج۔ گواہ د۔ شاہد

(xiii) شاعر عام طور پر اپنا تخلص ________ میں استعمال کرتا ہے۔

الف۔ ہر شعر ب۔ قافیہ ج۔ مقطع د۔ ردیف

(xiv) شاعر کے مطابق انتہا تک پہنچنے کی شرط کیا ہے؟

الف۔ ایثار ب۔ جہدِ مسلسل ج۔ ابتدا د۔ چاہت اور محبت

(xv) غزل کے مطابق روح کو محبت کا مزہ ملتا ہے:

الف۔ دل کی ہمسائیگی میں ب۔ ہجر و فراق میں ج۔ وصال میں د۔ تنہائی اور یکسوئی میں

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 15 حاصل کردہ نمبر: [ ]

/10

# اُردو(لازمی) - ایس ایس سی -II

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 35)

سوال نمبر۲: الف: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے پندرہ (15) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں۔ (15x2=30)

(i) نظم '' حمد '' کے مطابق '' داتا '' نے کیا بچھائے ہیں؟

(ii) سبق '' نظریہ پاکستان '' کے حوالے سے بتائیں کہ مسلمانوں کو اپنے دینی معاملات میں آزادی کب ختم ہوتی نظر آئی؟

(iii) سبق '' پرستان کی شہزادی '' میں میر صاحب اور ان کی بیوی، سیدانی بی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟

(iv) اردو شعراء نے ہر دور میں عیدالفطر کو موضوعِ سخن کیوں بنایا ہے؟

(v) '' خاکہ '' سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔ نیز کوئی سے دو خاکہ نگاروں کے نام لکھیں۔

(vi) چغل خور کو اپنی بری عادت سے کیا نقصان اٹھانا پڑا؟

(vii) مرزا غالب نے میر مہدی مجروح کو خط بیرنگ کیوں بھیجا؟

(viii) نام دیو مالی کے اوصاف میں سب سے نمایاں وصف کون سا تھا؟

(ix) میر انیس کس صنفِ سخن کے شاعر ہیں؟ ان کی ایک نمایاں خوبی تحریر کریں۔

(x) نظم '' حمد '' میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(xi) شاعر جوش ملیح آبادی کے مطابق تہذیب کا پروردگار کون ہے؟

(xii) جمیل الدین عالی کی کاوشوں سے کون سے ادبی ادارے کا قیام عمل میں آیا؟

(xiii) شاعر نے '' مال گودام روڈ '' کو بے مثل کیوں کہا ہے؟

(xiv) کون سے راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں تبدیل ہو جاتی ہے؟ (بحوالہ غزل)

(xv) کاروبارِ جہاں سنورتے ہیں ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے شاعر نے اس شعر میں کیا درس دیا ہے؟

(xvi) مندرجہ ذیل کا مفہوم واضح کریں۔ صرصر ، درماندہ

(xvii) مجازِ مرسل کا مفہوم ایک مثال سے واضح کریں۔

(xviii) جملے کی ترکیبِ نحوی تحریر کریں۔ فریحہ نے خیرات دی

(xix) قانونی اور تکنیکی اندازِ بیان کی ایک ایک مثال تحریر کریں۔

ب۔ '' سچ میں برکت ہے '' کے موضوع پر کہانی تحریر کریں۔ (5)

# حصّہ سوم (کُل نمبر 25)

**سوال نمبر۳:** **سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے:** **(1/2+1/2+4=5)**

الف۔ میں جلدی سے اٹھ کر اپنے کمرے میں آیا اور اس وقت ذرا غور سے اس میز کے سامان کو دیکھا، جو میرے لکھنے پڑھنے کے لیے تیار کی گئی تھی۔ میز پر نہایت قیمتی کام دار کپڑا پڑا ہوا تھا، جس پر ایک قطرہ گرانا گناہِ کبیرہ سے کم نہ ہوگا۔ چاندی کی دوات، مگر سیاہی دیکھتا ہوں تو سوکھی ہوئی۔ انگریزی قلم نہایت قیمتی اور نایاب، مگر اکثر میں نِب ندارد، جاذب کاغذ ایک مخملی جلد کی کتاب میں، مگر لکھنے کے کاغذ کا پتا نہیں۔ اسی طرح بہت سا اعلیٰ درجے کا بیش قیمت سامان میز پر تھا مگر اکثر اس میں سے میرے کام کا نہیں اور جو چیزیں ضرورت کی تھیں، وہ موجود نہیں۔

ب۔ شہر کا حال کیا جانوں کیا ہے؟ ''پون ٹوٹی کوئی چیز ہے، وہ جاری ہوگئی ہے۔ سوائے اناج اور اُپلے کے کوئی چیز ایسی نہیں، جس پر محصول نہ لگا ہو۔ جامع مسجد کے گرد پچیس پچیس فٹ گول میدان نکلے گا۔ دکانیں حویلیاں ڈھائی جائیں گی۔ دارالبقا فنا ہو جائے گی۔ رہے نام اللہ کا۔ خان چند کا کوچہ شاہ بولا کے بڑ تک ڈھے گا۔ دونوں طرف سے پھاوڑا چل رہا ہے۔ باقی خیر و عافیت ہے۔ حاکمِ اکبر کی آمد سُن رہے ہیں۔ دیکھیے دلّی آئیں یا نہیں؟ آئیں تو دربار کریں یا نہیں؟

**سوال نمبر۴:** **شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے:** **(1/2+1/2+2+2=5)**

الف۔
گرداب پر تھا شعلۂ جوالہ کا گماں
انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں
مُنھ سے نکل پڑی تھی ہر اک موج کی زباں
تہ پر تھے سب نہنگ، مگر تھی لبوں پہ جاں
پانی تھا آگ، گرمیِ روز حساب تھی
ماہی جو سیخ موج تک آئی، کباب تھی

ب۔
نیا یہ آج کے پرچے نے گُل کِھلایا ہے
کہ سہرا باندھ کے اِک اونٹ بلبلایا ہے
شُتر کے گھر میں پیامِ بہار ہے سہرا
کبھی کبھی تو بڑا بے مہار ہے سہرا
مرے بنے کو مبارک یہ خوشگوار گھڑی
کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

**سوال نمبر۵:** **شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:** **(1/2+1/2+2+2=5)**

الف۔
سلسلہ، فتنۂ قیامت کا
تیری خوش قامتی سے ملتا ہے

ب۔
تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے
ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

ج۔
ترے رتبہ دانِ محبت کی حالت
ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

**سوال نمبر۶:** **دیے گئے اشارات کی مدد سے ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں:** **(10)**

الف۔ جذبہ حُبّ الوطنی

(i) مفہوم اور تعارف
(ii) ضرورت اور اہمیت
(iii) اسلامی نقطۂ نظر
(iv) وطن کی خاطر ایثار و قربانی
(v) پاکستان سے محبت کی مثالیں

ب۔ تندرستی ہزار نعمت ہے

(i) تندرستی کا مفہوم
(ii) محنت اور ورزش
(iii) قدرتی جسمانی ساخت کے تقاضے
(iv) ذہنی تندرستی کی مثال
(v) تندرستی کی اہمیت اور فوائد